TotalMarks:.... | Class:9th | Time:....

Test:GeneralMath

Attempt .... questions

1 اگر سونے کی مالیت 11,10,000 روپے ہو تو اس پر زکوۃ معلوم کیجیے۔

2 نجیب نے 4,00,000 روپے اپنے ورثہ میں چھوڑے۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ چھوڑی جبکہ ان کے ہاں کوئی بچہ نا تھا۔ نجیب کی بیوہ کا حصہ معلوم کیجیے۔

3 قدرتی ذرائع سے پیدا شدہ چاول کی فصل مالیتی 6,00,000 روپے پر عشر معلوم کیجیے۔

4 اگر زدرتی ذرائع سے گندم کی فصل کی پیداوار 40000 کلوگرام ہو تو عشر کی رقم معلوم کیجئے، جبکہ گندم کی قیمت 950 روپے فی 40 کلوگرام ہے۔

5 مصنوعی ذرائع سے پیدا شدہ گندم کی فصل مالیتی 3,50,000 روپے پر عشر معلوم کیجیے۔

6 اگر چاندی کی مالیت 3,00,000 روپے ہو تو اس زکوۃ معلوم کیجیے۔

7 مصنوعی ذرائع کی مدد سے پیدا کی گئی 3000 کلوگرام چاول کی فصل پر عشر کی رقم نکالیے جبکہ 40 کلوگرام چاول کی قیمت 2000 روپے ہے۔

8 10 تولہ سونا اور 40 تولہ چاندی پر زکوۃ کی رقم معلوم کیجیے جبکہ سونے کی قیمت 40,000 روپے فی تولہ اور چاندی کی قیمت 5000 روپے فی تولہ ہو۔

Attempt .... questions

1 اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور چار بیٹیاں چھوڑیں ہوں تو اس کی 4,00,000 روپے مالیتی وراثت میں ہر ایک کے حصہ کی مالیت معلوم کیجیے۔

2 اگر ایک شخص نے 7,50,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی ہو تو اس کی ایک بیوہ 2 بیٹوں اور ایک بیٹی میں ہر ایک کی جائیداد کی مالیت معلوم کیجیے۔

paragongrw.com

© 2022 A product of "ParagonSoft" Gujranwala,Pakistan